# عصمت حضرت زہرا سلام اللہ علیہا قرآن وسنت کی روشنی میں *

□ احسان علی دانش**

حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام صنف نسواں میں اسلام کی تنہا صاحب عصمت خاتون ہیں کہ جس کی عصمت قرآن اور حدیث کی روشنی میں ثابت ہے اور ان کی پُر افتخار زندگی اس بات پر دوسری دلیل ہے۔

حضرت زہرا علیہا السلام کے دنیا میں آنے کا اہتمام جنت کی پاک غذا سے ہوا۔ رحم مادر ہی میں ماں کے لئے ایک بہترین ساتھی اور مونس شمار ہوتی تھی۔ اور دوران ولادت جن باعظمت مخدرات عصمت کو غیب سے بھیجا گیا تھا، ان سے گفتگو کی اور آپ کی محدود حیات طیبہ میں عقل کو حیران کر دینے والی سینکڑوں کرامات ظاہر ہوئیں یہ تمام باتیں اس باعظمت خاتون کی عصمت کی حکایت کرتی ہیں۔

حضرت فاطمہ علیہا السلام عالم اسلام کی خواتین کے لیے اسوہ اور نمونہ کے طور پر پہچانی جاتی ہیں دوسری عورتوں کے لیے ضروری ہے کہ ان کی پاک سیرت کو اپنے لئے نمونہ عمل قرار دیں۔ تربیت، اخلاق اور خود سازی کے عملی میدان میں ان کی پیروی کریں۔ عبادت کے طریقے اور روش، شوہرداری، بچوں کی پرورش اور لوگوں کے حقوق کے بارے میں ان کو آئیڈیل بنایا جائیں۔ ان تمام کرداروں کو نبھانا چاہیے جن کو انہوں نے نبھایا ہے اور اس طرح برتاؤ کرنا چاہئے جس طرح انہوں نے کیا ہے۔

راقم اس بات پر عقیدہ رکھتا ہے کہ گھر اور مشترک گھریلو زندگی کسی کا اخلاق، رفتار، ایمان تقوی

اور عدالت وغیرہ پرکھنے کی بہترین جگہ شمار ہوتی ہیں حضرت زہرا علیہا السلام اپنے باپ کے ساتھ اور باپ کے گھر میں بہترین امتحان دے چکی ہیں۔اور اس طرح ''فداھا ابوھا'' اور ''امُّ ابیھا'' جیسے دسیوں القابات پیغمبر اسلام صل اللہ علیہ وآلہ وسلمکی زبان مبارک سے حاصل کرکئے اور شوہر کے گھر میں اس طرح پیش آئیں کہ امیر المؤمنین علیہ السلام فرماتے ہیں ''فاطمہ علیہا السلام نے اپنی پوری زندگی میں کوئی ایسا چھوٹا کام بھی انجام نہیں دیا جس سے میں ناراض ہو جاؤں اور کبھی میری نافرمانی نہیں کی بلکہ اپنے اخلاق اور نیک سلوک سے میرے غم اور پریشانیوں کو دور کیا۔

## عصمت حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا پر قرآن پاک کی گواہی

خداوند عالم سورہ احزاب میں فرماتا ہے کہ: إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً بیشک خداوند عالم چاہتا ہے کہ تمام پلیدی اور گناہ کو آپ اہل بیت سے دور رکھے اور مکمل طور پر پاک و منزہ قرار دے جو پاک رکھنے کا حق ہے۔[1]

یہ آیہ شریفہ شہادت دیتی ہے کہ اہل بیت علیہم السلام، پاک اور معصوم ہیں اور کوئی گناہ نہیں کرتے ہیں ''الرجس'' جو آیت میں آیا ہے، تمام گناہان صغیرہ اور کبیرہ کو شامل کرتا ہے جس سے اہل بیت دور ہیں۔اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس آیہ شریفہ میں اہل بیت سے مراد کون ہیں؟

اہل سنت کی معتبر روایات اور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج کے اظہارات اور اعترافات اس بات کو ثابت کرتے ہیں کہ اہل بیت سے مراد پنجتن آل عبا ہیں ان ہستیوں میں سے ایک حضرت زہرا علیہا السلام کی ذات مبارک ہے۔ پس اسی بناء پر فاطمہ زہرا علیہا السلام قرآن مجید کی گواہی کے مطابق صاحب عصمت ہیں۔

---

[1] احزاب/ ۳۳.

## حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کی عصمت پر امیر المؤمنینؑ کا استدلال

جب پیغمبر اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت کے بعد خلیفہ اول نے فدک کو غصب کیا تو حضرت فاطمہ علیہا السلام نے اس کے ساتھ احتجاج اور مناظرہ کیا۔ امیر المؤمنین علیہ السلام بھی حضرت زہرا علیہا السلام کے خطبہ اور احتجاج کے بعد مسجد گئے اور ابو بکر سے سوال کیا:

حضرت علی علیہ السلام: اے ابو بکر بتاؤ، پتہ تو چلے کیا تم نے قرآن پڑھا ہے؟

ابو بکر: جی ہاں قرآن کو پڑھا ہے۔

حضرت علی علیہ السلام: آیہ تطہیر " إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً پڑھو اور بتاؤ کہ یہ آیت ہمارے حق میں نازل ہوئی ہے یا دوسروں کے؟

ابو بکر: یہ آیت آپ کے حق میں نازل ہوئی ہے۔

حضرت علی علیہ السلام: اگر کوئی حضرت فاطمہ علیہا السلام کے خلاف گواہی دے کہ انہوں نے خلاف شریعت کوئی عمل انجام دیا ہے تو تم اس وقت کیا کرو گے؟ اس شخص کی گواہی کو قبول کرو گے یا نہیں؟

ابو بکر: جی ہاں، میں اس آدمی کی گواہی کو قبول کروں گا اور حضرت فاطمہ علیہا السلام پر دوسرے لوگوں کی طرح حد جاری کروں گا۔

حضرت علی علیہ السلام: اس صورت میں تم خدا کے ہاں کافر قرار پاؤ گے۔

ابو بکر: کیوں؟

حضرت علی علیہ السلام: کیونکہ اس فرض کی بناء پر تم نے خدا کی گواہی کو جو خدا نے حضرت فاطمہ علیہا السلام کی طہارت پر دی ہے، رد کیا ہے اور لوگوں کی گواہی کو مقدم کیا ہے۔ اسی طرح تم نے خدا اور رسول کی گوہی کو اس مورد میں نظر انداز کیا ہے اور فدک کو فاطمہ زہرا علیہا السلام سے چھین لیا ہے۔

اے ابو بکر! کیا فدک فاطمہ زہرا علیہا السلام کے ہاتھ میں نہیں تھا؟ جو چیز ان کی ملکیت میں ہے تم کیوں اور کیسے خود ان سے اس کے متعلق شاہد اور گواہ مانگتے ہو؟ چونکہ لوگ امیر المؤمنین علیہ السلام اور ابو بکر کی گفتگو سن رہے تھے، ایک دوسرے کو دیکھنے لگے اور کہا: "صَدَّقَ وَاللّہ عَلی ابن اَبِی طَالب" خدا کی قسم، علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے سچ کہا ہے۔[۲]

قابل توجہ بات یہ ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے آیہ تطہیر سے عصمت فاطمہ زہرا علیہا السلام پر استدلال کیا اور مہاجرین اور انصار نے بھی اسے قبول کیا اور اس کی تائید کی۔

## حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کی عصمت فریقین کی روایت میں

امام باقر علیہ السلام نے اس آیہ مجیدہ " إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً" کے بارے میں فرمایا: یہ آیت رسول اکرم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلّم، علی ابن ابی طالب، فاطمہ زہرا علیہا السلام، امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ یہ واقعہ رسول اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ امّ سلمہ کے گھر میں ہوا کہ ایک دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی ابن ابی طالب علیہ السلام،، فاطمہ زہرا علیہا السلام، امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام کو بلایا پھر خیبر سے لائی ہوئی چادر کو ان کے اوپر ڈال دیا اور خود بھی اس کے اندر داخل ہوئے اور فرمایا: اللهم هولاء اهل بيتى و عدتنى فيهم ما وعدتنى، اللهم اذہب عنهم الرجس و طهرہم تطهيرا، فقالت و أنا معهم يا رسول‌الله قال: أبشرى يا ام‌سلمہ فانك الى خير

اے اللّٰہ یہ میرے اہل بیت ہیں جن کے بارے میں تو نے مجھے وعدہ دیا ہے۔ اے اللّٰہ ان سے ہر قسم کی رجس و پلیدی کو دور فرما اور انہیں پاک اور منزہ قرار دے، اس موقع پر حضرت امّ سلمہ نے کہا: اے رسول خدا میں بھی ان کے ساتھ ہوں؟

[۲] احتجاجات طبرسی، چاپ نجف، ج ۱، ص ۱۲۲-۱۲۳.

آپ صل اللہ علیہ وآلہ وسلمنے فرمایا: اے امّ سلمہ تمہارے لئے بشارت ہو تم خیر پر ہو۔[۳] (لیکن تم اہل بیت علیہم السلام میں سے نہیں ہو)

## حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کا گذشتہ انبیاءؑ سے افضل ہونا

اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ رسول خدا صل اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام مخلوقات میں سب سے افضل ہیں اگر ان کا نور نہ ہوتا اور ان کی ہستی نہ ہوتی تو بدون شک خدا کسی بھی مخلوق کو خلق نہ کرتا۔[۴]

دوسری طرف سے اہل سنت اور اہل تشیع کی احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ پنجتن پاک کا نور ایک تھا اور خدا کے ہاں ایک نور شمار ہوتا ہے[۵]

اگرچہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برتری دوسروں پر مسلّم ہے۔

ایک حدیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: دنیا کی ابتداء اور انتہاء کے تمام انسانوں میں، میں سب سے افضل ہوں اور میرے بعد علی علیہ السلام مخلوقات میں سب سے افضل ہیں ہم میں جو پہلے والے ہیں وہ آخر والے کی طرح ہیں اور جو آخر والے ہیں وہ پہلے والے کی طرح ہیں[۶]

اور تیسری طرف سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روایت میں ہم پڑھتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میرے اور علی کے بعد زمین پر سب سے افضل حسن اور حسین ہیں اور ان کی مادر گرامی فاطمہ پوری دنیا کی عورتوں میں سب سے افضل ہیں۔[۷]

---

[۳] نورالثقلین، ج ۴، ص ۲۷۰.

[۴] لولاک لما خلقت الافلاک ولولا علی لما خلقتک ولولا فاطمہ لما خلقتکما. (عوالم، ج ۱۱ص ۲۵و ۲۶).

[۵] حضرت کہتے ہی: رسول اکرم ہمارے گھر تشریف لائے میں سو رہا تھا رسول اکرم اپنی بیٹی فاطمہ سے گفتگو کے بعد فرمایا: اے بیٹی میں اور تم حسن اور حسین اور یہ علی ایک جگہ اور ایک ہی مقام پر ہونگے۔ (فرائد السمطین، ج ۲، ص ۲۸ش ۳۶۷).

[۶] بحار، ج ۲۶، ص ۳۱۶، ح ۷۹: انا سید الاولین والاخرین وانت یا علی! سید الخلائق بعدی، اولنا کاخرنا وآخرنا کاولنا.

[۷] بحار ۲۶، ص ۲۷۲و، ح ۱۴: الحسن والحسین خیر اہل الارض بعدی وبعد ابیہما وامہما افضل نسا اہل الارض.

ہم اہل بیت اطہار کی روایتوں میں پڑھتے ہیں کہ خداوند متعال نے انبیاء کو ایک دوسرے پر فضیلت دی ہے اور ان کو بھی کمال اور فضیلت کے لحاظ سے برابر خلق نہیں کیا ہے بلکہ ان میں سے کچھ اولوالعزم مشہور ہیں اور وہ باقی تمام انبیاء سے افضل ہیں لیکن اہل بیت اطہار کو خداوند عالمین نے اولوالعزم پیغمبروں سے بھی برتر وافضل قرار دیا ہے۔[۸]

امام صادق علیہ السلام کی ایک روایت میں آیا ہے کہ گذشتہ تمام انبیاء فقط اس لئے بھیجے گئے تھے تاکہ ہمارے حقوق کو پہچانیں اور دوسرے تمام مخلوقات عالم سے ہمیں افضل اور برتر جانیں۔[۹]

اگر مذکورہ روایتوں کو مد نظر رکھے بغیر بھی غور وفکر کریں، تو ہم اس نتیجے پر پہنچ جاتے ہیں کہ تمام انبیاء الٰہی معصوم تھے۔ اور علی علیہ السلام، فاطمہ علیہا السلام، حسن علیہ السلام اور حسین علیہ السلام، رسول اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلمکے علاوہ تمام انبیاء سے افضل تھے۔ پس اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ پنجتن پاک تمام فضائل وکمالاتِ انبیاء مِن جُملہ درجۂ عصمت میں ان پر فضیلت رکھتے ہیں۔

دوسری طرف اہل سنت کی روایتوں کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر علی ابن ابی طالب علیہ السلام نہ ہوتے تو فاطمہ زہرا علیہا السلام کے لئے اس جہاں میں کوئی ہم رتبہ اور کفو نہ ملتا۔

بڑے بڑے علماء، دانشور اور محققین نے "حدیث کفو" سے استفادہ کیا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام اور حضرت فاطمہ علیہا السلام رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ تمام انسانوں

---

[۸] بحارالانوار، ج ۲۶، ص ۱۹۹، ح ۱۱، عن الصادق (ع): ان اللَّہ فضل انلی العزم من الرسل بالعلم علی الانبیا وورثنا علمھم وفضلنا علیھم فی فضلھم...

[۹] اصول کافی، ج ۱، ص ۴۳۷، ح ۴: ما من نبی جاقط الا بمعرفہ حقنا وتفضیلنا علی من سوانا.

سے افضل ہیں۔ پس اس صورت میں بھی فاطمہعلیہا السلام کی عصمت ثابت ہوتی ہے کیونکہ اس حدیث سے تمسک کرنے کی صورت میں فاطمہ زہرا علیہا السلام، حضرت علی علیہ السلام کے ہم رتبہ اور مساوی ہیں! پس کسی عاقل شخص کے لئے یہ کیسے ممکن ہے کہ دو برابر اور مساوی چیزوں کے ایک دوسرے پر مقدم اور برتری کے قائل ہو جائے۔

**فاطمہ زہرا علیہا السلام کی عصمت پر ملائکہ کی گواہی**

بہت ساری روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جبرئیل امین اور دوسرے تمام فرشتے حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام پر نازل ہوتے تھے اور ان سے گفتگو کرتے تھے۔ اور اس گفتگو کے درمیان میں اس خاتون عصمت کے فضائل اور مناقب میں کچھ ایسے مطالب کہتے تھے جس سے ان کی عصمت ثابت ہو جاتی ہے۔ ہم ان میں سے صرف دو مورد کی طرف اشارہ کرتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه و آله: «... ابنتی فاطمه، و انها لسیده نسا العالمین فقیل: یا رسول‌اللّٰه! اهی سیده نسا عالمها؟ فقال: ذاك لمریم بنت عمران، فاما ابنتی فاطمه فهی سیده نسا العالمین من الاولین و الاخرین و انها لتقوم فی محرابها فیسلم علیها سبعون الف ملك من الملائکه المقربین و ینادونها بمانادت به الملائکه مریم فیقولون یا فاطمه! ان اللّٰه اصطفیك و طهرك و اصطفیك علی نسا العالمین.[10]

میری بیٹی فاطمہ علیہا السلام دونوں جہاں کے عورتوں کی سردار ہیں۔

پوچھا گیا: اے رسول خدا صل اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے زمانے کی عورتوں کی سردار ہیں؟

فرمایا: یہ خصوصیت مریم بنت عمران کی ہے لیکن میری بیٹی فاطمہ علیہا السلام دونوں جہاں کی اولین اور آخرین، تمام عورتوں کی سردار ہیں اور وہ جب محراب عبادت میں کھڑی ہوتی ہیں تو سَتّر ہزار مقرب فرشتے ان پر درود و سلام بھیجتے ہیں اور ان سے گفتگو کرتے تھے جس طرح حضرت

[10] عوالم، ج ۱۱، ص ۹۹.

مریم علیہا السلام سے گفتگو کرتے تھے اللہ تعالی نے تمہیں منتخب کیا ہے اور پاک و منزہ قرار دیا ہے اور تمہیں دونوں جہاں کی تمام خواتین پر فضیلت اور برتری عطا کی ہے۔

امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: انما سمیت فاطمه محدثه لان الملائکه کانت تهبط من السما فتنادیها کما تنادی مریم بنت عمران فتقول: یا فاطمه! ان اللّه اصطفیك و طهرك و اصطفیك علی نسا العالمین. فتحدثهم و یحدثونها فقالت ذات لیله: الیست المفضله علی نسا العالمین مریم بنت عمران؟ فقالوا: ان مریم کانت سیده نسا عالمها و ان اللّه عزوجل جعلك سیده نسا، عالمك و عالمها و سیده نساءالاولین و الاخرین.[۱۱]

امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ فاطمہ علیہا السلام کو "محدثہ" کہا جاتا ہے کیونکہ ان کے پاس آسمان سے ملائکہ نازل ہوتے تھے اور ان سے گفتگو کرتے تھے جس طرح حضرت مریم علیہا السلام سے گفتگو کرتے تھے اور ملائکہ حضرت فاطمہ علیہا السلام سے مخاطب ہو کر کہتے تھے کہ اے فاطمہ علیہا السلام ! بیشک اللہ تعالی نے تمہیں منتخب کیا ہے اور پاک و صاف قرار دیا ہے اور تمہیں دونوں جہانوں کی عورتوں سے افضل قرار دیا ہے۔ حضرت فاطمہ علیہا السلام بھی ان سے گفتگو کرتی تھی اور ان کی گفتگو سنتی تھی۔ ایک دن حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام نے ملائکہ سے کہا: کیا مریم بنت عمران تمام جہاں کی عورتوں سے افضل نہیں ہے؟

ملائکہ نے جواب دیا: حضرت مریم اعلیہا السلام اپنے زمانے کی عورتوں کی سردار تھی، لیکن آپ اول و آخر تمام عورتوں کی سردار ہیں یہاں تک کہ خود حضرت مریم علیہا السلام کے زمانے کی عورتوں کی بھی سردار ہیں۔

ان احادیث کو بطور نمونہ منتخب کیا گیا ہے جن میں فاطمہ زہرا علیہا السلام کو جہاں عالَم کی تمام عورتوں کی سردار، خداوند عالَم کی منتخب اور ملائکہ و جبرئیل امین کی ہمنشین و ہم صحبت ہونا بیان کیا گیا ہے۔ اس طرح کی احادیث کو دیکھنے کے بعد کیا کسی کے لئے ممکن ہے کہ وہ عصمت زہرا علیہا

---

[۱۱] بحار، ج ۴۳، ص ۷۸، ح ۶۵.

السلام کے بارے میں تردید کرئے؟

## حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی عصمت پر اشکال اور اس کا جواب

بعض لوگ کہتے ہیں کہ آیہ تطہیر عصمت پر دلالت نہیں کرتی ہے کیونکہ اس آیت سے پہلے والی آیات اور بعد والی آیات، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجات کے بارے میں نازل ہوئی ہیں اور ان سے مخاطب ہیں۔ پس سیاق و سباق کی دلالت کی بناء پر، کہا جا سکتا ہے کہ آیہ مذکورہ بھی رسول اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلمکی زوجات کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور وہ مخاطب ہیں اس بناء پر اگر یہ آیت عصمت پر دلالت کرتی ہے تو اس بات کا قائل ہونا پڑے گا کہ ازواج رسول بھی معصوم تھیں حالانکہ نہ کسی نے ان کو معصوم سمجھا ہے اور نہ ایسا کہا جا سکتا ہے پس نتیجتا ہم اس طرح کہہ سکتے ہیں کہ یہ آیت سرے سے ہی عصمت پر دلالت نہیں کرتی ہے نہ روجات رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلمکے بارے میں اور نہ ہی اہل بیت کی عصمت پر۔

جواب: سید عبد الحسین شرف الدین نے اس مذکورہ اشکال کو نقل کیا ہے اور چند طریقوں سے اس اشکال کا جواب دیا ہے

اول: احتمال مذکورہ نص کے مقابلے میں اجتہاد ہے کیونکہ ساری روایتوں میں جن کی تعداد تواتر کی حد تک ہے، آیا ہے کہ آیہ تطہیر صرف، علی ابن ابی طالب علیہ السلام، فاطمہ زہرا علیہا السلام، امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے اور انہی ہستیوں سے مختص ہے یہاں تک کہ امّ سلمہ اس چادر میں داخل ہونا چاہی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سختی سے منع فرمایا۔

دوم: دوسری دلیل یہ ہے کہ اگر آیہ تطہیر رسول اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلمکی زوجات کے بارے میں نازل ہوئی ہوتی تو ضروری تھا کہ ضمیر جمع مونث کی صورت میں ہوتی اور آیت یوں ہوتی: إِنَّما يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً " نہ جمع مذکر کی

صورت میں۔ پس یہ آیت اہل بیت کی شان میں نازل ہوئی ہے۔

سوم: تیسری دلیل یہ ہے کہ فصیح عربی بولنے والوں کے ہاں یہ رواج ہے کہ اپنی گفتگو کے درمیان جملۂ معترضہ لاتے ہیں اس بناء پر کوئی مانع نہیں ہے کہ اللہ تعالی آیت تطہیر کو ان آیتوں کے درمیان قرار دے جو زوجات رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے بارے میں نازل ہوئی ہیں تاکہ اس کی اہمیت کو واضح کرے۔ اور اس نکتہ کی طرف بھی اشارہ ہے کہ اہل بیت پیغمبر صل اللہ علیہ وآلہ وسلم معصوم ہیں لہٰذا کئی اس سے تعرض نہیں کرسکتا، چاہے وہ زوجات پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہی کیوں نہ ہو۔

چہارم: چوتھی دلیل یہ ہے کہ بیشک قرآن مجید میں کوئی تحریف نہیں ہوئی ہے اور اس آسمانی کتاب کی آیتوں میں بھی کوئی کمی وبیشی نہیں ہوئی ہے لیکن یہ بات مسلّم نہیں ہے کہ قرآن مجید کی آیات اور سورے جس ترتیب سے نازل ہوئیں ہیں اسی طرح جمع اور تدوین ہوئیں ہوں، پس یہ احتمال بعید نہیں ہے کہ آیت تطہیر صرف اہل بیت کی شان میں الگ نازل ہوئی ہو لیکن تدوین اور قرآن مجید کی جمع آوری کے موقع پر اس آیت کو زوجات پیغمبر صل اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں نازل ہونے والی آیتوں کے ساتھ ملایا ہو۔

دلیل دوم: رسول اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا:

اے میری بیٹی! تیری ناراضگی خدا کی ناراضگی اور تیری خوشنودی خدا کی خوشنودی ہے۔

اس حدیث کو فریقین قبول کرتے ہیں اور اپنی اپنی کتابوں میں ذکر کیا ہے۔ اس حدیث کے مطابق جس جس پر حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا ناراض ہوگی خدا بھی اس سے ناراض ہوگا۔ اور جس جس پر فاطمہ علیہاالسلام راضی ہوگی خدا بھی خوشنود اور راضی ہوگا۔ اور یہ بات بھی مسلّم ہے کہ رضایت اور غضبِ خدا سچ اور حق ہونے کی بناء پر ہے خداوند عالم ہر گز کسی غلط اور خلاف حق پر خوش اور راضی نہیں ہوتا اگرچہ دوسرے لوگ اس کام سے راضی ہو جائیں اور اسی طرح کسی

اچھے کام اور حق پر ہر گز ناراض نہیں ہوتا اگر چہ وہ کام دوسروں کے ہاں باعث غضب ہو۔ان دو مطالب کالازمہ یہ ہے کہ فاطمہ زہرا علیہا السلام ہر قسم کے گناہ اور خطا سے معصوم ہیں کیونکہ معصوم کی رضایت اور غضب شریعت کے عین مطابق ہوتے ہیں اور کسی بھی وقت رضائے خدا کے خلاف راضی نہیں ہوتا ہے ایسی صورت میں ہی کہا جا سکتا ہے کہ اگر فاطمہ علیہا السلام ناراض ہو جائے تو خدا ناراض ہو گا اور اگر فاطمہ علیہا السلام راضی اور خوش ہو تو خدا خوشنود ہو گا۔ لیکن اگر ان سے گناہ اور خطا سرزد ہونے کا امکان ہوتا تو ہر گز بطور کلی ایسا نہیں کہا جا سکتا تھا کہ فاطمہ کی ناراضگی خدا کی ناراضگی اور فاطمہ علیہا السلام کی خوشی خدا کی خوشی ہو گی۔اس مطلب کو ہم مثال کے ذریعے واضح کرتے ہیں:

اگر ہم فرض کریں کہ فاطمہ علیہا السلام معصوم نہیں ہیں اور ان سے گناہ وخطا کا امکان ہے اس صورت میں امکان ہے وہ خطا یا غریزہ نفسانی کی وجہ سے خلاف حق کسی سے کوئی مطالبہ کرے اور اس طرح ان کے درمیان نزاع ہو جائے اور طرف مقابل قبول بھی نہ کرے بلکہ اُنہیں غلطی پر قرار دے۔اس بناء پر حضرت فاطمہ علیہا السلام ناراض ہو جائے اور اپنی عدم رضایت کا اظہار بھی کرلے، کیا ایسی صورت میں کہا جا سکتا ہے کیونکہ فاطمہ علیہا السلام ناراض ہوئی ہیں پس خدا بھی ناراض ہوا ہے اگر چہ حق طرف مقابل کا ہی کیوں نہ ہو ہر گز ایسی نسبت خدا کی طرف نہیں دی جا سکتی۔ بس اس حدیث سے بھی حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی عصمت ثابت کی جا سکتی ہے

رسول اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ فاطمہ علیہا السلام میرے جسم کا ٹکڑا ہیں جس نے اسے ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔ ۳

یہ حدیث بھی اہل تشیع اور اہل تسنّن دونوں نے نقل کی ہے اور تمام مسلمان حتی عمر اور ابو بکر بھی اس حدیث کی صحت کے قائل ہیں مذکورہ حدیث کی طرح اس حدیث سے بھی حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی عصمت پر دلالت ملتی ہے کیونکہ رسول اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلمگناہ

اور خطا سے معصوم ہیں لہٰذا ایسے کام پر ناراض ہوتے ہیں جس سے خدا ناراض ہوتا ہے اور اسی طرح ایسے کام سے راضی ہوتے ہیں جس سے خدا راضی ہوتا ہے۔ پس اس صورت میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ فاطمہ زہرا علیہا السلام کی ناراضگی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی ناراضگی ہے اور رسول کی ناراضگی خدا کی ناراضگی ہے یہ اسی صورت میں درست ہو سکتا ہے جب فاطمہ علیہا السلام عصمت کی منزلت پر ہو۔اور احتمال گناہ و خطا ممکن نہ ہو۔ حضرت فاطمہ علیہا السلام کی عصمت پر دلالت کرنے والی احادیث میں سے ایک یہ بھی ہے کہ امام جعفر صادق نے فرمایا: فاطمہ علیہا السلام کو اس لئے فاطمہ نام رکھا گیا ہے کہ کوئی بدی اور شر ان کے وجود مبارک میں امکان پذیر نہیں ہے۔

حضرت زہرا علیہا السلام کی عصمت پر رسول اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گواہی

رسول اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلمکی بہت ساری احادیث جسے اہل سنت اور شیعہ دونوں نے نقل کیا ہے۔ نبی اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فاطمہ علیہا السلامکو اپنا ٹکڑا کہا اور فرمایا: جو فاطمہ علیہا السلا م کو دوست رکھتا ہے اس نے مجھے دوست رکھا اس کا دشمن، میرا اور خدا کا دشمن ہے۔

ایک اور حدیث میں فرمایا: فاطمہ علیہا السلام میرا ٹکڑا ہے، جو اسے تکلیف دے، اس نے مجھے تکلیف دی اور جس نے اس کو ناراض کیا اس نے مجھے اور خدا کو ناراض کیا۔

خلاصہ کچھ احادیث میں جو اہل سنت کی معتبر کتابوں میں پڑھنے کو ملتے ہیں کہ خدا کی خوشی اور ناراضگی کا معیار فاطمہ علیہا السلام ہے۔ اس کے علاوہ شیعہ اور سنی کی احادیث کی کتابوں میں دسیوں احادیث میں یہی مفہوم اور معنی موجود ہے ہم نے ۲۶ویں فصل میں ( حضرت زہرا علیہا السلام کی دشمنوں کی عاقبت ) کچھ احادیث کو منابع کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

وہ احادیث جو حضرت زہرا علیہا السلام کے معصومہ ہونے پر دلالت کرتی ہیں یہ کہ اگر فاطمہ علیہا

السلام معصوم نہ ہو تو کیسے پیغمبر خدا صل اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بغیر کسی شرط اور قید کے فاطمہ علیہاالسلام کی خوشنودی کو خدا کی خوشنودی اور فاطمہ علیہاالسلام کی ناراضگی کو خدا کی ناراضگی قرار دیا؟ کیا غیر معصوم لوگوں کی خوشی اور ناراضگی کو خدا کی خوشی اور ناراضگی (کا معیار) قرار دیا جا سکتا ہے؟ ابن ابی الحدید اس اعتراف کے بعد کہ آیہ تطہیر فاطمہ علیہاالسلام کی عصمت پر دلالت کرتی ہے، لکھتا ہے: قوله علیه السلام: فاطمه بضعه منی، من آذاها فقد آذانی، و من آذانی فقد آذی اللّه عز و جل یدل علی عصمتها، لانها، لوکانت ممن تقارف الذنوب لم یکن من یوذیها موذیا له علی کل حال...

فاطمہ علیہاالسلام کے بارے میں نبی اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اسے (فاطمہ علیہاالسلام) کو دکھ دیا اس نے مجھے دکھ دیا اور جس نے مجھے اذیت دی اس نے خدا کو اذیت دی، یہ فاطمہ علیہاالسلام کی عصمت پر دلیل ہے، کیوں کہ اگر فاطمہ علیہاالسلام معصوم نہ ہوتی تو فاطمہ علیہاالسلام کا دکھ ہر حال میں پیغمبر اسلام صل اللہ علیہ وآلہ وسلمکا دکھ حساب نہ ہوتا۔

بس نتیجہ یہ ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلمکے فرامین فاطمہ علیہاالسلام کی عصمت پر واضح دلیل ہیں جسے شیعہ اور اہل سنت کے دانشور بھی مانتے ہیں مسلمان شعراء بھی کلام خدا اور نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلّم کو اپنے نظم میں لے آئے ہیں:

وان مریم احصنت فرجها و جاءت بعیسی کبدر الدجی فقد احصنت فاطم بعدها
و جاءت بسبطی نبی الهدی

حضرت مریم علیہاالسلام اپنی عصمت اور پاکدامنی کے ساتھ حضرت عیسی علیہ السلام کو لے آئی جو سورج کی طرح چمکتا اور منور رہے۔ اور حضرت زہرا علیہاالسلام نے بھی عصمت اور پاکی کے ساتھ زندگی کی اور دو انوار کو جو نبی اکرم صل اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں نبی کے حوالہ کیا۔

اسی طرح امام صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ فاطمہ علیہاالسلام کو کس نے غسل دیا؟

حضرت نے فاطمہ علیہاالسلام کی عصمت کی گواہی دیتے ہوئے فرمایا:

غسلها اميرالمؤمنين لانها كانت صديقه، و لم يكن ليغسلها الا صديق

حضرت علی علیہ السلام نے فاطمہ علیہاالسلام کو غسل دیا، کیونکہ فاطمہ علیہاالسلام معصوم تھی اور معصوم کو معصوم کے علاوہ کوئی اور غسل نہیں دے سکتا۔ جیسے ہی سائل نے تعجب کیا تو امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: حضرت مریم علیہاالسلام کے بارے میں بھی اسی طرح ہے کہ اس کو حضرت عیسی علیہ السلام کے علاوہ کسی اور نے غسل نہیں دیا ہے۔ ہم اس فصل کے آخر میں تمام باتوں، احادیث اہل بیت، آیہ تطہیر، امیر المؤمنین علیہ السلام کی دلائل اور اہل سنت کے بزرگ دانشمندوں کے اعتراف کی روشنی میں یہ نتیجہ لیتے ہیں کہ فاطمہ علیہاالسلام دوسرے تمام معصومین کی طرح معصوم تھی۔ اور وہ رسول خدا صل اللہ علیہ وآلہ وسلماور امیر المؤمنین علیہ السلام کے علاوہ تمام پیغمبروں اور ائمہ سے افضل ہیں۔

منابع :

۱۔کتاب الکلمۃ الغراء فی تفضیل الزہراء تألیف سید عبدالحسین شرف الدین ص ۲۱۲.

۲۔ قال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ : یا فاطمہ ان اللہ یغضب لغضبک ویرضی لرضاک۔ ینابیع المودۃ ص ۲۰۳ مجمع الزوائد ج ۹ ص ۲۰۳،۳

۳ ۔ قال رسول اللہ : فاطمۃ بعضۃ منی فمن اغضبہا اغضبنی۔ صحیح بخاری ج ۲ ص ۳۰۲.

۴۔کشف الغمہ ج ۲ ص ۸۹. ۵

۵۔شرح نہج البلاغہ ،ج ۱۶، ص ۲۷۳.

۶۔بحارالانوار ،ج ۴۳، ص ۵۰.

۷۔بحارالانوار، ج ۴۳، ص ۱۸۴۔ عوالم ،ج ۱۱، ص ۲۶۰۔جلاء العیون، ج ۱، ص ۲۔